
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 7 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

10 منٹ • بچوں کو مندرجہ ذیل معلومات بات چیت کے انداز میں دیں:

- جن ملکوں میں بے شمار درخت اگائے جاتے ہیں اور ان کا خیال بھی رکھا جاتا ہے ان ملکوں میں صفائی، آلودگی پر قابو پانا آسان ہو جاتا ہے۔ درخت جہاں خوبصورتی اور تازگی کا احساس دلاتے ہیں تو دوسری طرف اس ملک کے موسمیاتی ماحول کو بھی متوازن رکھتے ہیں۔ اپنی زندگی میں ہر شخص اگر ایک درخت بھی لگائے تو یہ دنیا سرسبز ہو جائے۔ درختوں سے ہمیں لکڑی، گوند، جڑی بوٹیاں، دوائیں، پھل اور میوے حاصل ہوتے ہیں۔ ہزاروں قسم کے جانور، پرندے اور کیڑے مکوڑے اپنا گھر درختوں میں بناتے ہیں۔ درخت کی عمر کا اندازہ درخت کے تنے میں بننے والے دائروں سے لگایا جاتا ہے۔ ہر دائرہ ایک سال کو ظاہر کرتا ہے۔

20 منٹ • بات چیت کے بعد بورڈ پر مندرجہ ذیل سوال لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں سوال اتار کر ان کے جواب لکھیں۔

1 درختوں سے ہمیں کیا فائدہ ہے؟
2 ان کا خیال رکھنے کے مختلف طریقے بتائیں؟
3 ہم یہ کیوں کہتے ہیں کہ درخت جاندار ہوتے ہیں؟

## گھر کا کام

5 منٹ • بچوں سے کہیں کہ گھر سے ایک چھوٹا گملا اور کوئی اگنے والا بیج یا پودا لائیں۔ ٹیچر بچوں سے یا اسکول کے مالی سے کھاد مٹی کا انتظام کروا لیں۔ (ہر بچہ اپنے چھوٹے سے گملے کے لئے کھاد مٹی ایک پلاسٹک کی تھیلی میں بھر کر لا سکتا ہے)۔

# سیشن 1

25 منٹ • بچوں سے درخت اور پودوں کے بارے میں باتیں کریں۔ ان سے مختلف سوالات کریں۔ مثلاً:

1 کس کس کے گھر میں درخت اور پودے ہیں؟ کیا آپ ان کا خیال رکھتے ہیں؟

2 دن میں کتنی بار پانی دیتے ہیں؟ کھاد کتنے دن میں بدلتے ہیں؟

3 کیا آپ نے اپنے ہاتھ سے کبھی کوئی درخت لگایا ہے؟

4 کیا آپ نے بہت سال پرانا کوئی درخت دیکھا ہے؟

5 کیا آپ ان پرندوں، جانوروں، کیڑوں مکوڑوں کے نام بتا سکتے ہیں جو درختوں میں رہتے ہیں؟

20 منٹ • بچے رنگوں کی مدد سے پیڑوں کی تصویریں بنائیں۔ ٹیچر تصویریں کلاس میں display کریں۔

# سیشن 2

10 منٹ • کتاب بیمار دوست پڑھ کر سنائیں۔ کتاب کی کہانی اور تصویروں کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچوں سے درختوں اور پودوں کے بارے میں سائنسی نقطہ نظر سے بات چیت کریں۔

- کیا پودے اور درخت جاندار ہیں؟

- زندہ رہنے کے لئے انہیں کس چیز کی ضرورت ہے؟ (پودوں کو ہوا، پانی اور روشنی کی ضرورت ہوتی ہے جیسے انسانوں اور جانوروں کو)۔

- درختوں اور پودوں کو اور کن چیزوں کی ضرورت ہو سکتی ہے؟ (اگر پودوں کو کوئی بیماری ہو جائے تو انہیں بھی دوا کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان سے محبت کرنا، ان کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے)۔

# سیشن 3

30 منٹ
- بچے کھاد اور مٹی ملا کر اپنے لائے ہوئے گملوں میں بھریں۔ ہر بچہ ایک علیحدہ گملے میں بیج بو کر اس گملے پر اپنا نام اور بیج کا نام لکھے۔ اپنے پودے میں پانی ڈالے۔ اگر ممکن ہو تو اسکول کے میدان یا ورانڈے میں یہ کام کیا جائے۔

10 منٹ
- بچوں سے درختوں کی دو بنیادی اقسام پر گفتگو کریں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ:

درخت دو اقسام کے ہوتے ہیں۔ ایک تو وہ جو ہر سال اپنے پتے بدل لیتے ہیں۔ یہ درخت (deciduous) کہلاتے ہیں۔ ایسے درختوں کے پتے چوڑے اور موٹے ہوتے ہیں۔ یہ سردی کے موسم میں اپنے اندر سورج کی روشنی کو جزب نہیں کرتے اور نمی کو خارج نہیں کرتے جس کی وجہ سے وہ زیادہ عرصہ سرسبز نہیں رہتے اور اپنا رنگ بدل لیتے ہیں اور پھر جھڑ جاتے ہیں۔ ان کی لکڑی زیادہ اچھی اور پائیدار نہیں ہوتی۔ اسی لئے فرنیچر کے لئے استعمال نہیں کی جاتی۔ ایسے درخت مثلاً oak, maple, ash (شاہ بلوط) ہوتے ہیں۔

دوسری قسم کے درخت coniferous یا evergreen (صنوبر) کہلاتے ہیں۔ یہ درخت ہر موسم میں ہرے بھرے رہتے ہیں۔ ان کے پتے نوکیلے اور سخت ہو تے ہیں اور سردی کے موسم میں نہیں جھڑتے۔ ان کی لکڑی گتے کے ڈبے' کاغذ اور فرنیچر بنانے میں استعمال ہوتی ہے۔ spruce, birch, pine صنوبر کے درخت ہیں۔

5 منٹ
- گفتگو کے بعد بورڈ پر درختوں کی دو اقسام لکھیں۔ بچے کوپیوں میں اتاریں۔ درخت دو قسم کے ہوتے ہیں:
  - deciduous جو ہر سال پتے بدلتے ہیں۔
  - سدا بہار (evergreen) جن کے پتے نہیں جھڑتے۔

# سیشن 4

15 منٹ • چند عام درختوں کی تصویریں اس گائیڈ کے آخر میں دی گئی ہیں۔ ٹیچر انہیں بچوں کو دکھائیں۔

15 منٹ • نیچے دیئے گئے درختوں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھوائیں۔ ان کے علاوہ اپنے ارد گرد اگنے والے درختوں کے نام بھی لکھوائیں اور اگر ممکن ہو تو بچوں کو باہر لے جا کر وہ درخت دکھائیں۔

| English | الفاظ | English | الفاظ |
|---|---|---|---|
| banyan | برگد | oak tree | شاہ بلوط |
| acacia | کیکر | margosa tree | نیم |
| coconut palm | ناریل کا درخت | white poplar | سفیدے کا درخت |
| jujube | بیر کا درخت | pipal | پیپل |
| royal, gold mohar | گل مہر | cypress | سرو |

10 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اس فہرست میں سے یا پھر کسی اور درخت کی ڈرونگ کریں اور ان کا ایک ایک پتہ بھی اپنی کوپی میں لگائیں۔ اس کے علاوہ اس درخت کے بارے میں لکھیں۔ یہ کام سیشن 6 کے لئے کر کے لائیں۔ ہو سکے تو درخت کی چھال (bark) پر کاغذ رکھ کر کسی رنگ کے crayon یا پنسل سے رگڑیں اس طرح کاغذ پر اس کا عکس آ جائے گا۔

## گھر کا کام

5 منٹ • بیمار دوست سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 5

10 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنے کوپی نکالیں اور املا کروائیں۔

10 منٹ • املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

25 منٹ • بچے کوپی میں ان سوالوں کے جوابات لکھیں۔

1 اس کہانی کا نام 'بیمار دوست' کیوں ہے؟

2 لالہ کے کیا شوق تھے؟

3 تندرست درخت کی کیا نشانی ہے؟

4 لالہ نے درخت کے بارے میں کس سے مشورہ کیا اور کیوں؟

5 انہوں نے کیا دوا تجویز کی؟

# سیشن 6

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کسی بھی 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔

سایہ دار، بیمار، کڑوی، بدصورت، گنجا، ہرا بھرا، بدبودار، سوکھا

25 منٹ
- اگر اسکول میں کوئی مالی ہو یا کوئی ایسی ٹیچر وغیرہ جن کو پودوں کا بہت شوق ہو تو ان سے کہیں کہ درختوں اور پودوں کے نام اور ان کے حصے بچوں کو سمجھائیں۔ بچے ان سے جو بھی سوال کرنا چاہیں کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچے گھر سے سفید کاغذ کی شیٹ یا پرانی کوپیوں کے خالی صفحات لے کر آئیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 7 کے لئے رنگین پنسل، crayon، مارکر، گوند وغیرہ کا انتظام کریں۔

# سیشن 7

45 منٹ
- بچوں کو سمجھائیں کہ ہم درختوں پر ایک کتاب بنائیں گے۔ ہر بچہ اپنی اپنی کتاب بنائے گا۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب لکھتے ہوئے مندرجہ ذیل باتوں کو مدنظر رکھ سکتے ہیں یا پھر اپنی مرضی اور پسند سے کتاب بنائیں۔


  - پہلے درختوں کے بارے میں اپنی رائے لکھیں۔

پیپل کا درخت

سایہ دار ہوتا ہے



پیپل کا پتہ



برگد کا پتہ




برگد کا درخت بڑا اور گھنا ہوتا ہے۔ اس کی ہوائی جڑیں بڑی مضبوط ہوتی ہیں۔ بچّے اکثر اس پر جھولتے ہیں۔ مسافر اس کی چھاؤں تلے آرام کرتے ہیں۔


- آپ کے محلے میں کتنے قسم کے درخت پائے جاتے ہیں؟
- درخت بنائیں اور اسے لیبل کریں۔ یعنی اس کے مختلف حصوں کے نام لکھیں۔
- اس درخت کی اونچائی، اس کی چوڑائی، اس کے پتوں، پھلوں، پھولوں کے متعلق لکھیں۔
- اس درخت کے متعلق کوئی اور دلچسپ بات لکھیں۔ مثلاً آپ کا اس سے تعلق، اس سے لگاؤ، اس پر چڑھنا، کھیلنا، جھولا ڈالنا وغیرہ۔

• کتابیں کلاس میں display کریں۔





ناریل کا درخت خوب
اونچا ہوتا ہے۔ اس کی
کوئی شاخ نہیں ہوتی
لیکن پتّے بہت بڑے
ہوتے ہیں اور کئی
طرح کے کاموں کے
لئے استعمال ہوتے
ہیں۔



نیم کا درخت بڑا اور سایہ دار
ہوتا ہے۔ نیم کے پتّے، تنا،
اس کا پھل یعنی نمبولیاں
وغیرہ سب بڑے کام کی
چیزیں ہیں۔

# بیمار دوست
# ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

not for sale

This teacher's guide was written by Naseema Farooqullah and Rumana Hussain. It was reviewed and edited by the Teachers' Guide Development Committee of the Bookgroup comprising Kashfa Samad, Jacqueline Mirza, Rizwana Rehman and Rakhshee Niazi.

Copyright © Bookgroup

All rights reserved. No part of this book may be reproduced, transmitted or stored in an information retrieval system in any form or by any means, graphic, electronic or mechanical, including photocopying, taping and recording, without prior written permission from the publisher.

Printed in Pakistan by
JTS Printers, Karachi